نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت راولپنڈی میں اہم اجلاس کا انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت خطہ پوٹھوہار میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے 7ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔افتخار علی سہو

لاہور:30دسمبر 2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت راولپنڈی میں اہم اجلاس منعقد ہوا،جس میں محکمہ زراعت راولپنڈی کی فارمیشنز کی کارکردگی لیا گیا۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ایجنسی فار بارانی ایریا ڈویلپمنٹ (ABAD) شیریں ناز، چیف ایجنسی فار بارانی ایریا ڈویلپمنٹ محمد عارف خان نیازی،ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سوئل کنزرویشن ڈاکٹر پرویز سکندر،ڈائریکٹر زراعت توسیع شاہد افتخار بخاری،ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی فرحانہ جمیل, ڈپٹی ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی راولپنڈی راجہ حسن رضا خان سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے کہا کہ ایجنسی فار بارانی ایریا ڈویلپمنٹ (ABAD) اب باقاعدہ طور پر محکمہ زراعت پنجاب کے انتظامی ڈھانچے کا حصہ بن چکی ہے۔اجلاس میں ایجنسی کی فنکشنل اور آپریشنل سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ اس کے دائرہ کار میں 13 بارانی اضلاع شامل ہیں۔افتخار علی سہو نے ایجنسی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ بین الاقوامی اداروں کے ساتھ روابط مضبوط کر کے ایجنسی فار بارانی ایریا ڈویلپمنٹ (ABAD) کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یہ اقدامات خطے کے کسانوں کی معاشی ترقی اور زرعی پیداوار کو فروغ دیں گے۔

خطہ پوٹھوہار میں جاری ترقیاتی پروگرامز کے جائزہ اجلاس کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ وزیر اعلی پنجاب کے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان پر 7ارب روپے کی لاگت سے عملدرآمد جاری ہے جس میں سے پانی کے باکفایت استعمال کے پروگرام پر 4ارب روپے کی کثیر رقم خرچ کی جائے گی۔اس پروگرام کے تحت کسانوں کو پانی کی بچت کے لیے 70 فیصد سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ علاوہ ازیں، تحفظ آراضیات کے لیے 1ارب روپے کی لاگت سے 500 منی ڈیمز کی تعمیر کا کام جاری ہے۔اس میگا پروگرام کے تحت خطہ پوٹھوہار میں ادرک کی کاشت کو فروغ دینے کے لیے 37 کروڑ روپے کی لاگت کے پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔

☆☆☆☆